اِن واضح آیاتِ قرآنی کی روشنی میں ایرانی عازمینِ حج کی حدودِ حرم میں سیاسی ہنگامہ آرائی کو کسی صورت میں بھی جائز قرار نہیں دیا جا سکتا، اوران کا یہ طرزِ عمل مناسکِ حج اور حدودِ حرم کے تقدس اور حرمت کے صریحاً منافی ہے۔ اسلام سے قبل بھی اہل مکہ بلکہ تمام جزیرۃ العرب کے لوگ بیت اللہ شریف اور مکہ معظمہ کو دارالامن اور واجب الاحترام سمجھتے تھے۔ یہاں تک کہ اہلِ مکہ کے دشمن بھی بیت اللہ شریف میں پناہ لیتے تو ان کو کچھ نہیں کہا جاتا تھا۔ حج اسلام کا ایک اہم رکن ہے جسکے روحانی فوائد کے علاوہ وہ مسلمانوں کو اتفاق و اتحاد اور باہمی اخوت کا سبق دیتا ہے اور ان میں عالمگیر تنظیم کی تشکیل کرتا ہے جسکی مسلمانوں کو ہر زمانے میں سخت ضرورت ہے۔ میں خمینی اور ایرانی عازمین حج کو متنبہ کرتا ہوں کہ وہ بیت اللہ شریف اور حدودِ حرم کی حرمت اور تقدس کو ملحوظ رکھیں اور آئندہ کیلئے حدودِ حرم میں ہر قسم کی ہنگامہ آرائیوں سے قطعی اجتناب کریں، بصورتِ دیگر اسکے نتائج تمام عالم اسلام کے لیے تباہ کن ثابت ہوں گے ——— (مدار اللہ مدار نقشبندی عفی عنہ)

**سینٹ میں مقدمہ شریعت بل پہ مبارکباد** | ”الحق“ شمارہ شعبان المعظم، میں نے بڑی دل چسپی کے ساتھ دیکھا ہے۔ سینٹ سے آپ کا خطاب بہ عنوان شریعت بل کا مقدمہ۔ میں نے از اول تا آخر پڑھا ہے۔ میں تہ دل سے آپ کو مبارک دیتا ہوں اور آپ کو سلام کرتا ہوں۔

بہ احترامات فراواں

حکیم محمد سعید ۔ چیئرمین ہمدرد فاؤنڈیشن ۔ کراچی

**سوانح مولانا عبدالشکور دین پوری** | خطیب العصر حضرت مولانا محمد عبدالشکور دین پوری رحمۃ اللہ علیہ کی سوانح حیات زیر ترتیب ہے۔ اس سلسلہ میں کوئی خاص واقعہ، خط، تحریر، تقریر ہو تو ارسال فرمائیں۔

احقر ۔ محمد عمر دین پوری ۔ داماد حضرت دین پوری

ناظم تعلیمات جامعہ اسلامی مشن پاکستان ۔ بہاولپور

**غلط العام کی اصلاح** | الحق دسمبر کے صفحہ ۲۹ پر مولانا عبدالقیوم حقانی کی تحریر کے حوالہ سے یہ عرض کرنی ہے۔ کہ اگرچہ انہوں نے تو اس مقالہ میں نہیں لکھا مگر عام طور پر عمل قوم لوط کو ”لواطت“ کہتے ہیں اور لکھتے ہیں جو حضرت لوط سے نسبت ظاہر کرتا ہے۔ اور یہ بے ادبی بھی ہے اور غلط بھی۔ آپ اپنی طرف سے رسالہ میں عوام و خواص کو یہ تاکید کریں کہ وہ اس فعل شنیع کو بجائے ”لواطت“ کے ”سدومیت“ کہا اور لکھا کریں جو کہ حقیقت بھی ہے۔

جناب خسروی صاحب کراچی و جناب فرخ صاحب ہانگ کانگ

کوئی قادیانی استاذ اسلامیات کا مضمون نہیں پڑھا سکتا
اس پر عمل درآمد ہر مسلمان عاشقِ رسول کا دینی فریضہ ہے
عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت مرکزی دفتر حضوری باغ روڈ ملتان، پاکستان